# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صلَّی اللہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر اظہارِ خیال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، مختلف رنگ کے بٹن، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- سبق "حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صلَّی اللہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ" سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب ایک ٹوکری میں چار مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔
- یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کا ایک گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔
- اب بورڈ پر سوال لکھیں:
- سبق "حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صلَّی اللہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ" سے آپ نے کیا سیکھا؟
- بچوں کے جوابات لیں۔ اس دوران میں مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ دیں۔
- اب انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

- اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا جواب سنانے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے موضوع سے متعلق جملے سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ | |

**مقاصد:** عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

نیا لفظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو اول"، پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری پرچیاں کھولیں اور جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی 2،2 سطروں کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ سازی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 5 کے تحت دیا گیا لفظ "پیاری" لکھیں اور پڑھائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اس کی آخری آواز "ی" بدل کر "ے" لگا کر نیا لفظ پیارے بنائیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورڈ پر اس لفظ کے سامنے الفاظ "اچھی، میری، جیسی، ہماری لکھیں اور پڑھائیں۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کی آخری آوزیں بدل کر کے نئے الفاظ بنانے ہیں۔

- اب سوال نمبر 5 کے تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ بولیں۔
- جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔
- درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان کی آخری آواز بدل کر نئے الفاظ بنوائیں اور لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ کاپیوں میں لکھیں اور ان کی آخری آواز بدل کر نئے الفاظ بنا کر لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ | |

**مقاصد:** فعل کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو اول"، مختلف تصاویر، پلاسٹک کے انڈے

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں، ان کی خیریت اور گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کر دیں۔
- چار تصاویر جن میں مختلف کام ہو رہے ہوں، ایک ٹوکری میں ڈال کر باری باری چاروں گروہوں کے پاس لے جائیں اور انھیں آنکھیں بند کر کے اس میں سے کوئی سی بھی تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصاویر آئی ہیں، ان کو غور سے دیکھیں اور باہمی مشاورت سے ان سے متعلق چند جملوں میں بتائیں کہ ان تصاویر میں کیا ہو رہا ہے؟ انھیں سوچنے کے لیے دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے چند بچوں کو بتائیں اور انھیں کہیں کہ ان کے پاس جو تصویر آئی تھی اس میں جو کام ہو رہا تھا، اسے عملی طور پر کمرہ جماعت میں پیش کریں۔ دوسرے گروہوں سے کہیں کہ وہ ان کا مشاہدہ کریں کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟

جب اس گروہ کے بچے مطلوبہ سرگرمی کر لیں تو باری باری دوسرے دونوں گروہوں سے پوچھیں کہ وہ بتائیں کہ وہ کیا کام کر رہے تھے اور کس طرح سے؟ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے دونوں گروہوں سے بھی کروائیں۔

- درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بورڈ پر ایسی تصویر چسپاں کریں جس میں بچے کرکٹ کھیل رہے ہوں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں۔ بچوں کا جواب لیں۔ اب بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں:
- "لڑکوں نے فٹ بال کھیلا۔" بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے، اسے "فعل" کہتے ہیں۔
- مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے کل کون کون سے کام کیے۔ جملے بورڈ پر لکھتے جائیں۔ بعد ازاں ان میں موجود فعل کے گرد دائرہ لگائیں اور سمجھائیں۔

- اب بچوں کے 3 گروہ بنا کر انھیں پلاسٹک کے بند انڈے دے دیں۔
- جن کے اندر سوال نمبر 7 کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاغذ کی پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں۔ ہر گروہ کے حصے میں ایک انڈا اور الفاظ کی پرچیاں آئیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بند انڈے کو کھولیں، اس میں سے پرچیاں نکال کر اس پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں۔
- ان میں موجود فعل کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور انکی کی گئی سرگرمی کو چیک کریں۔
- درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 7 کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے **فعل** کے گرد دائرہ لگوائیں۔
درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے ہوئے اشاروں کی مدد اللہ تعالیٰ کے آخری نبی "حضرت **محمد** رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ" کے **متعلق تین جملے** لکھیں۔

والِد کا نام | والِدہ کا نام | پیدائش کا شہر

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ | |

**مقاصد**: دیئے گئے اشاروں کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات**: بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو اول کی کتاب، اسٹکی نوٹس، لڈو کا دانہ

**تحریکی سرگرمی**: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔
- اب بورڈ پر پانچ الفاظ کے چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ چسپاں کر دیں جن پر پر اسٹکی نوٹ لگے ہوں، اسٹکی نوٹ پر 1 تا 5 نمبر لکھ دیں۔
- میز پر ایک لڈو کا دانہ رکھ دیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ اب کسی گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور ان میں سے ایک سے کہیں کہ وہ دانہ گھما کر لڈو کے دانے کی طرح پھینکے۔ جو نمبر آئے گا اس نمبر کا اسٹیکی نوٹ ہٹادیں۔
- اب ایک بچے سے اس لفظ کی ادائیگی کروائیں۔
- غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کے بچوں کو موقع دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار**: (20منٹ)

- اب ایک ٹوکری میں تین مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔ یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کا ایک گروہ بنادیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 میں دیئے گئے اشارے لکھیں۔ والد کا نام۔ والدہ کا نام۔ پیدائش کا شہر
- اب ہر گروہ کو ایک ایک سادہ شیٹ بھی دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان اشاروں کی مدد سے تین تین جملے لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ کو تین برابر حصوں میں تقسیم کر کے ایک میں ٹیم بادل، دوسرے میں ٹیم دھنک اور تیسرے میں ٹیم سورج کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں، اسے بورڈ پر متعلقہ ٹیم کے خانے میں تینوں جملے لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہوں سے بھی کروائیں۔

| |
|---|
| • اس کے بعد تینوں گروہوں کے کام کا جائزہ لیں۔ جس گروہ کے بچے نے جملے درست طور پر لکھے ہوں گے اور اس میں املا کی اغلاط بھی کم ہوں گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔<br>• دورانِ سرگرمی کمرا جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنائیں۔ ان کو ایک ٹوکری میں ڈالیں۔ اب کوئی سی پانچ پرچیاں نکالیں۔ جن بچوں کے نام نکلیں ہیں ان سے کہیں ک وہ جماعت کے سامنے آ کر اپنا تعارف کروائیں۔ بہترین بولنے والے بچے کو انعام دیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) کیے گئے کام کی گھر میں دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ | |

**مقاصد:** گروہی کاموں میں شمولیت اختیار کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، اُردو جماعت اول کی کتاب، ٹوکری۔ مختلف بٹن، چارٹ پیپر، رنگ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے بچوں سے کچھ سوالات کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں تین مختلف رنگ کے بٹن ڈال دیں۔
- یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں، ان کا ایک گروہ بنا دیں۔
- بچوں کو لائبریری لے کر جائیں۔ انہیں ہدایت کریں کہ وہ کہانیوں کی کتاب منتخب کریں۔
- اب ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں کہ وہ اپنی منتخب کردہ کتاب سے کہانی تلاش کرے۔
- اس دوران میں بورڈ کو تین برابر حصوں میں تقسیم کر کے ایک میں ٹیم بادل، دوسرے میں ٹیم دھنک اور تیسرے میں ٹیم سورج کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں، اسے اپنے گروہ کی منتخب کردہ کہانی سنانے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہوں سے بھی کروائیں۔ اس کے بعد تینوں گروہوں کے کام کا جائزہ لیں۔ جس گروہ کے بچے نے جملے درست طور پر ادا کیے ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- دورانِ سرگرمی کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہنمائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب جماعت میں بچوں کی تعداد کے مطابق ان کی گروپ بندی کریں۔
- ہر گروہ کو چارٹ پیپر اور رنگ مہیّا کریں۔
- بورڈ پر مسجدِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ کی ایک واضح تصویر چسپاں کریں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ چارٹ پیپر پر تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

| |
|---|
| • سرگرمی کے دوران اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔<br>• اس کام کے لیے انہیں باقاعدہ وقت دیں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر بہترین تصویر بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) عملی سرگرمی کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ |
| **جائزہ:** N/A |
| **گھر کا کام:** N/A |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 50 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق طلبہ سے دیئے گئے پیراگراف کو روانی سے پڑھوائیں اور سوالات کے جوابات زبانی پوچھیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے دی گئی تصویر کے بارے میں پانچ جملے بتانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کتاب میں دی گئی نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے واحد اور جمع الفاظ بورڈ پر لکھیں متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر ان کو الگ الگ لکھوائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے جملوں میں سے اسم اور فعل بچوں سے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیے گئے موضوع پر تین جملے لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (۳منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔